

RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

# لکھنے سے پہلے کی مہارتیں





Rising Sun Institute for Special Children

## ابتدائی مہارتیں

ابتدائی مہارتیں وہ مہارتیں ہیں جو کسی بھی اصل مہارت کو سیکھنے سے پہلے درکار ہوتی ہیں۔

# لکھائی کی ابتدائی مہارتیں

لکھنا ایک مشکل عمل ہے جس کے لئے بہت سی مہارتوں اور طریقہ کار کو یکجا کیا جاتا ہے۔

حروف تہجی اور ہندسے لکھنا شروع کرنے سے پہلے لکھائی کی ابتدائی مہارتیں سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

مختلف سرگرمیاں اور کچھ خاص اقدام کرتے ہوئے بچے کو لکھائی کی ابتدائی مہارتیں سکھا سکتے ہیں جو مستقبل میں ان کی لکھائی کی مہارتوں کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ جو کہ درج ذیل ہیں:۔

☆ ریت (سینڈ ٹرے) سے کھیلنا
☆ بے دھیانی میں لائینیں لگانا (سکریبلنگ)
☆ رنگ بھرنا
☆ خاص اشکال میں لائینیں لگانا (ٹریسنگ)
☆ **سٹروکس، پیٹرن اور شکلیں**

- سیدھی اور عمودی لائینیں لگانا
- دائرہ اور جمع کا نشان بنانا
- V اور مسلسل V کا نشان بنانا
- مختلف اشکال بنانا

Rising Sun Institute for Special Children

# ریت (سینڈ ٹرے) سے کھیلنا

- ریت کے ساتھ کھیلنے سے جسم کے بڑے پٹھوں کی نشو ونما میں مدد ملتی ہے۔(بڑے پٹھوں کی حرکات)
- جسم کے چھوٹے پٹھوں کی نشو ونما میں مدد ملتی ہے۔(چھوٹے پٹھوں کی حرکات)
- آنکھ اور ہاتھ کا باہمی ربط بہتر ہوتا ہے۔
- چھونے کی حس میں تقویت ملتی ہے۔
- تخلیقی اور تخیلاتی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔
- ریت کے ساتھ کھیلنا سماجی مہارتوں کو بڑھاتا ہے۔
- ریت میں رنگ ڈال کر اسے بچے کے لیے پُر کشش بنایا جا سکتا ہے۔







Rising Sun Institute for Special Children

# بے دھیانی میں لائینیں لگانا (سکر بلنگ)

- سکر بلنگ کاغذ کے کسی بھی حصے پر آزادانہ بے دھیانی میں لائینیں لگانا ہے۔
- سکر بلنگ ہاتھ اور انگلیوں کی حرکات کے اختیار کی نشو ونما اور مجموعی مہارت (جسمانی تیاری اور ہاتھوں کو آسانی سے استعمال کرنا) کے لئے بہت ضروری ہے۔
- سکر بلنگ سے آنکھ اور ہاتھ کا باہمی ربط بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔
- سکر بلنگ تخیلاتی اور خود سے سوچنے کی صلاحیتوں کو بڑھانے میں مدد کرتی ہے۔

Rising Sun Institute for Special Children







# رنگ بھرنا

- رنگ بھرنے کے عمل سے ہاتھوں کو طاقت ملتی ہے۔
- ہاتھوں کی طاقت ہاتھ اور انگلیوں کی حرکات خاص طور پر لکھائی کیلئے ضروری ہے۔
- رنگ بھرنے کا عمل بہت سی مہارتوں کو تقویت دیتا ہے جیسا کہ کام پر توجہ مرکوز کرنا، چھوٹے پٹھوں کی حرکات میں ربط پیدا کرنا اور انگلیوں کی گرفت مضبوط کرنا۔







Rising Sun Institute for Special Children

# خاص اشکال میں لائینیں لگانا (ٹریسنگ)

- ٹریسنگ سے جسم کے چھوٹے پٹھوں کی نشوونما میں مدد ملتی ہے۔
- ٹریسنگ سے ڈرائینگ کرنے کی صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں۔
- ٹریسنگ سے بچے ہاتھوں کو مختلف حرکات دینا سیکھتے ہیں جو انکی لکھنے میں مدد کرتے ہیں۔






Rising Sun Institute for Special Children


# سٹروکس، زاویے (پیٹرن) اور شکلیں

- سٹروکس نقطے والی لائینوں سے بنانا شروع کریں۔ اور آہستہ آہستہ بچے کو نقطوں کے بغیر بنانا سکھائیں۔
- مزید مشق کے لئے بچے کو جسمانی اور زبانی مدد دیں۔ یہاں تک کہ بچہ بغیر مدد کے بنانا شروع کر دے۔
- یہ عمل باقی سٹروکس جیسا کہ سیدھی لائن دائرہ جمع کا نشان، V ، مسلسل V اور مختلف اشکال کے لئے بھی کریں۔
- سٹروک اور اشکال بنانے کی مشق کے لئے آپ کاپیاں اور ورک شیٹس بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

## سیدھی اور عمودی لائینیں لگانا









Rising Sun Institute for Special Children

# افقی اور مساوی لائینیں لگانا





# دائرہ لگانا






Rising Sun Institute for Special Children

## + کا نشان بنانا




## V کا نشان بنانا





Rising Sun Institute for Special Children


## مسلسل V کانشان بنانا





## اشکال بنانا

- Square




- Triangle



Rising Sun Institute for Special Children

# مختلف زاویے بنانا

# غور طلب بات

- ☆ بچہ ریت کا کھیل اور سکر بلنگ اخبار اور پرانی کاپیوں پر بھی کر سکتا ہے۔
- ☆ ہم اگلے مرحلے کی طرف تب ہی بڑھیں گے جب بچہ پچھلا مرحلہ بخوبی سیکھ لے۔
- ☆ ایک مقصد کے لئے مختلف طریقے استعمال کریں جیسا کہ کاغذ، سلیٹ، وائیٹ بورڈ، رنگ، مارکر اور پینٹ وغیرہ۔
- ☆ اس کوشش میں بچے کی حوصلہ افزائی اور تعریف کریں۔

Rising Sun Institute for Special Children